Rampur State Gazette

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۷ مطبوعہ دوشنبہ بتاریخ ۸ ربیع الثانی سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۲ جولائی سنہ ۱۹۳۵ء نمبر

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

نمبر	مضمون	صفحہ
(۱)	رخصت کپتان ذاکر حسین صاحب اے ڈی سی۔	۲
(۲)	قائمی کمیٹی برائے ٹریننگ نوجوانان رامپور	۴
(۳)	" " برائے ممبران سلکشن بورڈ	۶
(۴)	برقراری سلسلہ ملازمت صوبہ دار عبد الحمید خاں۔ (ٹرسٹ رامپور رضا النفری)	۳
(۵)	منظوری رخصت سکنڈ لفٹنٹ بانکے لال۔ (ٹرسٹ رامپور رضا النفری)	۳
(۶)	عطائے اجازت (بجائے رخصت) نصاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس۔	۵

احکام اسٹیٹ کونسل رامپور

نمبر	مضمون	صفحہ
۷	رخصت مولوی بشیر احمد خاں سپرنٹنڈنٹ جوڈیشل آفس	۳
۸	تصیح حکم مورخہ ۹ جولائی سنہ ۱۹۳۵ء	۳

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

حکم:-

مسوری — واقع ۱۲ جولائی ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم)

کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوتے۔

کپتان ذاکر حسین۔ ایڈی۔ سی۔ کی رخصت ایک ماہ رعایتی بلا استفادہ سے منظور کیجاتی ہے۔ تا واپسی کپتان احمد رضا خاں اسسٹنٹ کمانڈنٹ فورث کی خدمات کپتان احمد شاہ خاں ایڈی۔ سی انجام دیں گے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

روبکار:-

واقع ۱۵ جولائی ۱۹۳۵ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

بندگان والا دولت واقبال کا منشاء ہے کہ رامپور کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو اندرون وبیرون ریاست ٹریننگ کے ایسے مواقع دیے جائیں کہ اس کے بعد تجربہ حاصل کرکے ریاست کی خدمات انجام دے سکیں مگر عہدوں کے لئے موزوں مقامی اشخاص فراہم نہ ہونے کے باعث مختلف ملازمان کی خدمات گورنمنٹ سے مستعار لیگئی ہیں لیکن یہ امر نہایت ضروری ہے کہ مقامی آدمیوں کی ایسی ٹریننگ کیجائے کہ وہ ان مستعار افسران کی جگہ مقرر کئے جاسکیں۔ لہٰذا حسب ذیل کمیٹی مقرر کیجاتی ہے جو اس معاملہ کے متعلق اپنی مفصل رپورٹ اسٹیٹ کونسل میں بھیجیگی اور کونسل غور کرکے بعد اپنی سفارشات اجلاس ہمایوں میں پیش کرے گی۔ کمیٹی اسکیم کے مالی پہلو کے متعلق بھی غور کرکے اپنی رائے رپورٹ میں درج کرے گی۔

ممبران کمیٹی

صاحب چیف منسٹر بہادر	صدر
صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر	ممبر
صاحب ریونیو فائنانس منسٹر بہادر	ممبر
صاحب چیف جسٹس بہادر	ممبر
منشی صولت علی خاں صاحب	ممبر
منشی ہردیو پرشاد صاحب	ممبر

حکم ہوا کہ

روبکار ہٰذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

روبکار:-

واقع ۱۸ جولائی ۱۹۳۵ء

سروسز سلکشن بورڈ کے فرائض اور نظام عمل ابتک بالصراحت طے نہیں ہوئے ہیں۔ بندگان والا دولت واقبال ایک کمیٹی مقرر فرماتے ہیں جو حسب ذیل ممبران پر مشتمل ہوگی اور اس معاملہ پر غور کرکے اپنی رائے اسٹیٹ کونسل کو بھیجے گی کونسل اپنی سفارش اجلاس ہمایوں میں پیش کرے گی

صاحب چیف منسٹر بہادر	صدر
صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر	ممبر
صاحب ریونیو فنانس منسٹر بہادر	ممبر
چیرمین صاحب میونسپل بورڈ	ممبر

دولت علیخاں صاحب — ممبر

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہو
ایک نقل درج گزٹ کی جائے

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

حکم :- مورخہ ۱۰ر جولائی ۱۹۳۵ء

حسب یادداشت صاحب آرمی منسٹر بہادر بابتہ
صدور حکم برقراری سلسلہ ملازمت صوبیدار عبدالحمید خاں
(فرسٹ رامپور رضا انفنٹری)

حکم

بموجب رپورٹ - صوبیدار عبدالحمید خاں فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کا سلسلہ ملازمت تاریخ تقرر ابتدائی ۱۲ر مئی ۱۹۲۰ء سے برقرار رکھا جانا منظور ہے۔ زمانہ علیحدگی کی تنخواہ نہیں ملیگی اور نہ ایام بیکاری ملازمت میں شمار ہونگے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- مورخہ ۱۰ر جولائی ۱۹۳۵ء

حسب یادداشت صاحب آرمی منسٹر بہادر
باستدعائے منظوری رخصت اتفاقیہ پانچیوم
سکنڈ لفٹنٹ بانکے لال فرسٹ رامپور رضا انفنٹری
از یوم استفادہ بغرض روانگی بریلی بضرورت
مرمت مکان

حکم

بموجب رپورٹ - سکنڈ لفٹنٹ بانکے لال فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کی رخصت پانچ یوم اتفاقیہ یوم استفادہ سے منظور ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

روبکار :- مورخہ ۱۰ر جولائی ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

بذریعہ روبکار صادرہ ۱۸ر جون ۱۹۳۵ء صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کی رخصت ایک ماہ ۲۳ر جون سے منظور ہوئی ہے۔ اب وہ رخصت منظور شدہ کے بجائے ایک ماہ چارج پر رہ کر کام کرنے کی اجازت کے مستدعی ہیں۔ شرائط ڈیپوٹیشن میں ان کو رخصت دیئے جانے کا تذکرہ نہیں ہے۔ صاحب چیف منسٹر بہادر نے منظوری کی استدعا کی ہے لہذا ازروئے ماتحت نوازی بجائے رخصت کے اجازت منظور کیجاتی ہے
لہذا روبکار مذکور رخصت کے بجائے اجازت کا اندراج کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع یادداشت منسلکہ برائے اجرائے ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہو ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

بمنشائے حکم جاریہوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۱۰ر جولائی ۱۹۳۵ء

دستخط [illegible]

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم

واقع ۱۹ر جولائی ۱۹۳۵ء

حسب تحریر صاحب چیف جسٹس بہادر و تصدیق استحقاق مولوی بشیر احمد خاں سپرنٹنڈنٹ جوڈیشل آفس کی رخصت رعایتی مزید ایک ہفتہ از ۷ر جولائی تا ۱۳ر جولائی ۱۹۳۵ء بسلسلہ سابق منظور کیجاتی ہے۔ آیندہ نہ دیجائیگی۔ حکم ہذا برائے اجرائے احکام مناسبہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام اسٹیٹ کونسل میں پیش ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

واقع ۱۰ر جولائی ۱۹۳۵ء

حکم علیحدگی اقبال حسین عرف لچھو و سید ابن علی صاحب مورخہ ۹ر جولائی ۱۹۳۵ء مندرجہ گزٹ مطبوعہ ۱۳ر جولائی ۱۹۳۵ء میں الفاظ "اور سید ابن علی صاحب کی آسامی تخفیف کی جائے" سہواً درج ہوگئے ہیں۔ آسامی مذکورہ تخفیف نہیں کی گئی ہے۔ کیونکہ ریاست کی بعض ملازمتین اور آسامیاں بلحاظ وقار و شان ریاست قائم رکھنے کی ہیں اسلئے یہ آسامی لایق تخفیف نہیں ہے بلکہ ممکن ہے کہ اس پر کسی باکمال شخص کا تقرر عمل میں آئے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ سے احکام تصحیح جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو بعد اجرائے احکام کاغذات ہذا بغرض شمول حکم ۹ر جولائی ۱۹۳۵ء اسٹیٹ کونسل میں پیش ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر